رسول اللہ ﷺ نے وضو کیا تو آپ نے کلی کی، پھر ناک جھاڑی، پھر تین بار اپنا چہرہ دھویا، اور داہنا ہاتھ تین بار دھویا اور دوسرا تین بار دھویا پھر اپنے سر کا مسح اپنے ہاتھ کے بچے ہوئے پانی کے علاوہ (نئے پانی) سے کیا اور اپنے دونوں پاؤں دھوئے یہاں تک کے انہیں صاف کیا

عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کے انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کے آپ نے وضو کیا تو آپ نے کلی کی، پھر ناک جھاڑی، پھر تین بار اپنا چہرہ دھویا، اور داہنا ہاتھ تین بار دھویا اور دوسرا تین بار دھویا پھر اپنے سر کا مسح اپنے ہاتھ کے بچے ہوئے پانی کے علاوہ (نئے پانی) سے کیا اور اپنے دونوں پاؤں دھوئے یہاں تک کے انہیں صاف کیا

[صحیح] [اسے امام مسلم نے روایت کیا ہے]

عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہ نبی ﷺ کے وضو کی کیفیت ذکر کرتے ہیں کے آپ ﷺ نے وضو کرتے ہوئے پانی کو منہ میں داخل کیا، پھر اس کو گھمایا، پھر کلی کی، پھر پانی کو ناک میں داخل کیا اور باہر نکالا پھر تین بار اپنا چہرہ دھویا، پھر داہنا ہاتھ کہنیوں تک تین بار دھویا پھر بایاں ہاتھ کہنیوں تک تین بار دھویا پھر اپنے سر کا مسح نئے پانی سے کیا اور پھر اپنے دونوں پیر دھوئے ٹخنوں تک یہاں تک کے ان سے گندگی کو صاف کیا

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/8381